28/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُن

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج دونوں ایوانوں سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے مشترکہ خطاب سے شروع ہو گا ۔ اقتصادی سروے کل جبکہ مرکزی بجٹ یکم فروری کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا ۔ بجٹ سیشن کا پہلا مرحلہ 13 فروری تک جاری رہے گا جبکہ دوسرا مرحلہ نو مارچ سے دو اپریل تک منعقد ہو گا ۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں Cariappa پریڈ گراو

نڈ نئی دلی میں سالانہٴ NCC پی ایم ریلی سے خطاب کریں گے۔ اس سال اس ریلی کا موضوع Rashtra Pratham Kartavya Nishtha Yuva ہے ۔ وزیراعظم کے دفتر میں جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ ریلی نوجوانوں میں فرائض، نظم و ضبط اور قوم کے تئیں ان کے عزم کی عکاسی کر تی ہے۔ پی ایم ریلی کے ساتھ ہی ایک ماہ طویل یوم جمہور یہ کیمپ NCC 2026 اختتام پذیر ہوگا۔

IRMS

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل لوک بھون جموں میں انڈین ریلوے منیجمنٹ سروس IRMS آفیسر ٹرینیز کے ساتھ بات چیت کی۔ ایل جی نے اس موقع پر نوجوان افسروں پر زور دیا کہ وہ ترقی یافتہ بھارت کے لئے ٹیکنالوجی پر مبنی ریلوے بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے کی طرف توجہ مرکوز کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریل نیٹ ورک نہ صرف سماجی سرگرمیوں کو تقویت بخشتا ہے بلکہ یہ سماجی تانے بانے کو جوڑ کر ایک قوم کی عکاسی کرتا ہے۔ منوج سنہا نے کہا کہ ہماری معیشت

تیزی سے ترقی کر رہی ہے نیز شہر بھی وسعت پا رہے ہیں اور اس تناظر میں ریلویز ایک محفوظ اور موزون ذریعہ سفر کے طور پر ابھر رہا ہے۔

---- byte------

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر میں زبانوں کو جدت بخشنے اور مقامی ثقافت کو ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچانے کی کاوشیں دہائیوں کے بعد 2020 میں شروع ہوئیں۔ ابھینو تھیٹر جموں میں کل بھارتیہ ہندی کوی سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ شاعروں کی بے مثال صلاحیتوں سے سماجی اصلاحات یقینی بن جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاعری کے ذریعے سے ہم ایک ایسا بھارت وجود میں لا سکتے ہیں جو کثرت میں وحدت اور وراثت میں ترقی نیز گونا گونیت کی بھرپور عکاسی کرتا ہو۔

LG تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر سید فخر الدین حامد کے والد کے انتقال پر دکھ صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی پیغام میں ایل جی نے سوگوار کنبے کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی روح کے ابدی سکون کے لئے دعا کی ۔

دریں اثناءڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل پونچھ کی چیر پرسن تعزیم اختر نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل جموں میں بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے سلسلے کے تحت جموں اور سانبہ اضلاع کے عوامی نمائندوں کے ساتھ بات چیت کر کے بجٹ سے متعلق ان کی تجاویز حاصل کیں ۔ اس موقعہ پر مختلف سیکٹروں کی ترجیحات اور لوگوں کی ترقیاتی ضروریات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ اس موقعہ پر کابینی وزراءسکینہ ایتو ، جاوید احمد ڈار اور ستیش شرما بھی موجود تھے ۔

شاہراہ

حالیہ برف باری کی وجہ سے سرینگر جموں قومی شاہراہ ، سرینگر لیہہ شاہراہ اور مغل روڑ ٹریفک کی آمد رفت کے لئے بند ہے ۔ ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ اِن

شاہراو

ں سمیت دیگر چھوٹی سڑکوں کو قابل آمد رفت بنانے کے لئے کوششیں جاری ہیں ۔ٔ

کولگام کے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ 3 سو سے زائد گاڑیاں سرینگر جموں قومی شاہراہ پر درماندہ ہیں ۔

پروازیں

دریں اثناءڈائریکٹر ائیر پورٹ اتھارٹی سرینگر جاوید انجم نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے سے آج پروازوں کی آواجائی کا سلسلہ معمول کے مطابق جاری رہے گا ۔

IFEMA

میں 21جنوری سے 25 جنوری تک Spain Madrid IFEMAجموں و کشمیر ٹورازم محکم نے میں شرکت کی ۔محکمہ سیاحت کے FITUR منعقد ہونے والے عالمی سطح کے سالانہ ٹریڈ فیئر وفدکی قیادت وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے کی۔ اس فیر کے دوران جموں وکشمیر کے آرٹ اور کرافٹس کی بھرپور نمائش کی گئی۔ فیئر میں کافی تعداد میں لوگوں اور میڈیا کے افراد نے شرکت کی اور جموں و کشمیر کے سیاحتی منظر نامے میں دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت0 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ